سوال

(648) مقناطیسی کنگن پہننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کلائی میں ڈلنے والی ایک چوڑی ہے جو اندر سے مقناطیس ہے باہر سے لوہا اور تقریباً ایک انگلی عرضاً چوڑی ہے یعنی کنگن کی شکل میں ہے اس مقناطیس میں جو قوت ہے وہ بلڈ پریشر (خون) کے لیے مفید ہے بعض نے بتایا ہے کہ ڈاکٹر بھی ایسے مریض کو اس کی وصیت کرتے ہیں اور کئی مریضوں سے سنا ہے کہ اس کے اثر سے خون کا جوش درست ہوتا ہے کیا یہ کنگن تیمہ یا تولہ یا وتر کے حکم میں داخل تو نہیں ہوتا ؟ یہ چوڑی سعودیہ میں عام بکتی ہے مجھ سے بھی کسی نے منگوائی تھی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مقناطیسی کنگن جو خون کے جوش کو اور دباؤ کو کم کرنے کی غرض سے پہنے جاتے ہیں تیمہ یا تولہ یا وتر میں سے کسی میں بھی شامل نہیں البتہ ان کو حلیہ اہل نار سے خارج نہیں کیا جا سکتا اس لیے ان کا استعمال درست نہیں حلیہ اہل نار کی تحقیق کے لیے آپ شیخ البانی حفظہ اللہ کی کتاب ''غایۃ المرام'' حدیث نمبر ۸۲ صفحہ نمبر ۶۸ اور ان کی کتاب ''آداب الزفاف'' صفحہ ۱۳۴ کا ضرور مطالعہ فرمائیں ۔ لہٰذا آپ خون کے جوش کو کم کرنے کی خاطر کوئی اور شرعاً درست علاج کروالیں اللہ تعالیٰ آپ کو شفاء کامل وعاجل عطا فرمائے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

تعویذ اور دم کے مسائل ج1ص464